مضمون اسلامیات۔ جماعت اول۔

تاریخ	عنوان	
۴مئی تا ۹مئی	اللہ تعالیٰ پر ایمان۔	سوالات کے جوابات زبانی یاد کریں

س۔ یہ دنیا کس نے بنائی ہے؟

ج۔ یہ دنیا اللہ تعالیٰ نے بنائی ہے۔

س۔ دنیا کا ہر کام کس کے حکم سے ہوتا ہے؟

ج۔ دنیا کا ہر کام اللہ کے حکم سے ہوتا ہے۔

س۔ ہمیں کس کی عبادت کرنی چاہیے؟

ج۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنی چاہیے۔

س۔ توحید کا کیا مطلب ہے؟

ج۔ توحید کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ ایک ہے۔

تاریخ	عنوان
۱۱مئی تا ۱۶مئی	ہمارے پیارے نبی ﷺ

س۔ اللہ تعالیٰ نے نبیوں کو کیوں بھیجا؟

ج۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو سیدھی اور سچی راہ دکھانے کے لیئے نبیوں کو بھیجا۔

س۔ قرآن مجید کس نبی پر نازل ہوا؟

ج۔ قرآن مجید حضرت محمد ﷺ پر نازل ہوا۔

س۔ آپ ﷺ ہمیشہ کیسی باتیں کرتے اوکیسے کام کرنے کی تلیقین فرماتے؟

ج۔آپ ﷺ ہمیشہ سیدھی او سچی باتیں کرتے اور لوگوں کو نیکی کی باتیں بتاتے اور نیک کام کرنے کی تلقین فرماتے تھے۔

تاریخ عنوان

۱۸مئی تا ۲۳مئی ہمارے پیارے نبی محمد ﷺ سوالات کے جوابات زبانی یاد کریں

س۔اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کیا صاف صاف فرمایا ہے؟

ج۔اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں صاف صاف فرما دیا ہے کہ حضرت محمد ﷺ آخری نبی ہیں اور قیامت تک کوئی نبی نہیں آئے گا۔

س۔ہمارے پیارے نبی ﷺ کہاں پیدا ہوئے اور آپ ﷺ کا روضہ مبارک کہاں ہے؟

ج۔ہمارے پیارے نبی ﷺ مکہ میں پیدا ہوئے اور آپ ﷺ کا روضہ مبارک مدینہ منورہ میں ہے۔

Ms. Salma Abbasi

0333 9966182

Salmaabbasi333@gmail.com